سوال نمبر20: سورۃ الاحزاب میں جن انبیاء کے نام ہیں ان میں سے دو تحریر کریں؟

جواب: (1) حضرت نوحؑ (2) حضرت ابراہیمؑ

سوال نمبر21: سورۃ الاحزاب میں جن چار پیغمبروں سے عہد لینے کا ذکر ہے۔ ان کے نام لکھیں۔

جواب: (1) حضرت نوحؑ (2) حضرت ابراہیمؑ

(3) حضرت موسیٰؑ (4) حضرت عیسیٰؑ

# اَلدَّرسُ الرَّابِعُ (ب)

## سُوْرَۃُ الْاَحْزَابِ (آیات ۹ تا ۲۰)

سوال نمبر ا: دیے گئے الفاظ یعنی الف / ب / ج / د میں سے درست جواب کے گرد دائرہ لگائیں۔ ہر جزو کا ایک نمبر ہے۔

1۔ اَلْمُعَوِّقِیْنَ سے مراد ہے جہاد میں۔

(الف) مدد دینے والا ✓ (ب) ساتھ دینے والا

(ج) رکاوٹ ڈالنے والے (د) کھانا پکانے والے

2۔ اَنْبَآءِ کا معنیٰ ہے؟

(الف) حکایتیں (ب) خبریں ✓

(ج) مضامین (د) لطیفے

3۔ جب فوجیں تمھارے اوپر اور نیچے چڑھ آئیں تو خوف کے مارے تمھارے دل تمہارے پہنچ گئے۔

(الف) ٹخنوں تک (ب) گلوں تک ✓

(ج) گھٹنوں تک (د) منہ تک

4۔ مدینہ کا پہلا نام تھا۔

(الف) تہران (ب) یزدان

(ج) بغداد (د) یثرب ✓

5۔ اگر لشکر آ جائیں تو تمنا کریں کہ (کاش) ۔۔۔۔۔۔ میں جا رہیں۔

(الف) مکہ (ب) مدینہ

(ج) گنواروں ✓ (د) طائف

6۔ بُیُوْتٌ کا معنی ہے:

(الف) گھر ✓ (ب) شعر

(ج) صحرا (د) راز

7۔ جب خوف جاتا رہے تو تیز زبانوں کے ساتھ تمھارے بارے میں ۔۔۔۔۔۔ کریں۔

(الف) غیبت (ب) چغل خوری

(ج) زبان درازی ✓ (د) بخل

8۔ غزوۂ خندق میں اللہ تعالیٰ نے مسلمانوں کی مدد کے لیے:

(الف) ہوا بھیجی (ب) فرشتے بھیجے

(ج) انبیاء بھیجے (د) ہوا اور فرشتے بھیجے ✓

9۔ مومن کس غزوہ میں آزمائے گئے اور سخت طور پر ہلائے گئے؟

(الف) غزوۂ بدر (ب) غزوۂ تبوک

(ج) غزوۂ احزاب ✓ (د) غزوۂ اُحد

10۔ منافق کہتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ کا وعدہ ہے:

(الف) پختہ (ب) مضبوط

(ج) دھوکے کا ✓ (د) سچا

11۔ غزوۂ احزاب کے موقع پر منافقین چاہتے تھے کہ:

(الف) مردانہ وار لڑیں (ب) پیچھے ہٹ جائیں

(ج) فرار ہو جائیں ✓ (د) چھپ جائیں

12۔ اللہ نے غزوۂ احزاب کے موقع پر آزمایا:

(الف) مسلمانوں کو ✓ (ب) یہودیوں کو

(ج) منافقوں کو (د) کافروں کو

13۔ یہودیوں کے کس قبیلے نے قریش کو رسول ﷺ کے خلاف جنگ کرنے کی ترغیب دی:

(الف) بنی قریظہ ✓ (ب) بنو سعد

(ج) بنو ہاشم (د) بنو نضیر

14۔ جُنُوْدٌ سے کیا مراد ہے؟

(الف) قافلے (ب) گروہ ✓

(ج) ہتھیار (د) کوئی بھی نہیں

(ج) انبیاء بھیجے　　(د) ہوا اور فرشتے بھیجے ✓

9۔ مومن کس غزوہ میں آزمائے گئے اور سخت طور پر ہلائے گئے؟

(الف) غزوۂ بدر　　(ب) غزوۂ تبوک

(ج) غزوۂ احزاب ✓　　(د) غزوۂ اُحد

10۔ منافق کہتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ کا وعدہ ہے:

(الف) پختہ　　(ب) مضبوط

(ج) دھوکے کا ✓　　(د) سچا

11۔ غزوۂ احزاب کے موقع پر منافقین چاہتے تھے کہ:

(الف) مردانہ وار لڑیں　　(ب) پیچھے ہٹ جائیں

(ج) فرار ہو جائیں ✓　　(د) چھپ جائیں

12۔ اللہ نے غزوۂ احزاب کے موقع پر آزمایا:

(الف) مسلمانوں کو ✓　　(ب) یہودیوں کو

(ج) منافقوں کو　　(د) کافروں کو

13۔ یہودیوں کے کس قبیلے نے قریش کو رسول ﷺ کے خلاف جنگ کرنے کی ترغیب دی:

(الف) بنی قریظہ ✓　　(ب) بنو سعد

(ج) بنو ہاشم　　(د) بنو نضیر

14۔ جُنُوْدٌ سے کیا مراد ہے؟

(الف) قافلے　　(ب) گروہ ✓

(ج) ہتھیار　　(د) کوئی بھی نہیں

15۔ عَوْرَةٌ کے معنی ہیں؟

(الف) قافلے (ب) گروہ

(ج) ہتھیار (د) کھلا ✓

16۔ جب مومنوں نے لشکروں کو دیکھا تو اس چیز نے بڑھا دیا۔

(الف) طاقت وتوانائی ✓ (ب) حوصلہ اور ہمت

(ج) ایمان اور طاقت (د) روح اور جسم کی طاقت

17۔ جہاد میں رکاوٹ ڈالنے والے کو کہتے ہیں۔

(الف) اَلْاَحْزَابُ (ب) اَلْاَعْرَابِ

(ج) اَلْمُعَوِّقِیْنَ ✓ (د) تَمَنَّوْنَ

18۔ حِدَادٍ کا معنی ہے۔

(الف) تیز ✓ (ب) آہستہ

(ج) دوڑنا (د) نارمل

19۔ اَلْحَنَاجِرَ کے معنی ہیں۔

(الف) عورتیں (ب) مرد

(ج) گلے ✓ (د) سکارف

20۔ غزوۂ احزاب میں مومن۔

(الف) آزمائے گئے ✓ (ب) بلائے گئے

(ج) ستائے گئے (د) آزمائے گئے اور ہلائے گئے

21۔ غزوۂ احزاب میں کفار نے مدینہ منورہ پر حملہ کیا۔

(الف) دائیں جانب سے (ب) اوپر اور نیچے سے ✓

(ج) بائیں جانب سے (د) سامنے سے

22۔ یہ کام اللہ کو ہے۔

(الف) آسان ✓ (ب) دور

(ج) مشکل (د) تھکانے والا

سوال نمبر ۲: مندرجہ ذیل سوالات کے مختصر جوابات لکھیں۔

سوال نمبر 1: ترجمہ لکھیں: وَكَانَ اللّٰهُ بِمَا تَعْمَلُوْنَ بَصِيْرًا۔

جواب: ترجمہ: اور جو کام تم کرتے ہو خدا اُن کو دیکھ رہا ہے۔

سوال نمبر 2: اللہ تعالیٰ نے غزوۂ احزاب میں مسلمانوں کی پریشان حالی کا نقشہ کن الفاظ میں کھینچا ہے؟

جواب: اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں کہ:۔ جب وہ (کفار) تمہارے اُوپر اور نیچے کی طرف سے تم پر چڑھ آئے اور جب خوف کے مارے تمہاری آنکھیں پھر گئیں اور دل (مارے دہشت کے) گلوں تک پہنچ گئے اور تم خدا کی نسبت طرح طرح کے گمان کرنے لگے۔ وہاں مومن آزمائے گئے اور سخت طور پر ہلائے گئے۔

سوال نمبر 3: وَلَا يَأْتُوْنَ الْبَأْسَ اِلَّا قَلِيْلًا کا ترجمہ کیجیے۔

جواب: ترجمہ: اور لڑائی میں نہیں آتے مگر کم۔

سوال نمبر 4: وَلَا يَجِدُوْنَ لَهُمْ مِّنْ دُوْنِ اللّٰهِ وَلِيًّا وَّلَا نَصِيْرًا کا ترجمہ کیجیے۔

جواب: ترجمہ: اور یہ لوگ خدا کے سوا کسی کو نہ اپنا دوست پائیں گے اور نہ مددگار۔